AQF / Hamid

25-03-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 بھارت نے 2023-24 کی ملک کی دفاعی پیداوار میں ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے کی اب تک کی سب سے زیادہ ترقی حاصل کی ہے۔

2- مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلی میں Mycobacterium Tuberculosis کے دس ہزار Genome Sequencing کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔

3- بی جے پی حکومت آج 2025-26 کا دلّی بجٹ پیش کرے گی۔

4- مصر نے موجودہ غزہ تنازعے میں کشیدگی کو کم کرنے کیلئے نئی تجاویز کی پیشکش کی ہے۔

5- بھارت آج شام شیلانگ میں AFC ایشین کپ فٹبال 2027 کوالیفائرس میں بنگلہ دیش کا سامنا کرے گا۔

6- اور آئی پی ایل کرکٹ میں، دلّی کیپٹلز نے وشاکھا پٹنم میں کھیلے گئے سنسنی خیز میچ میں لکھنؤ سپرجائنٹس کو ایک وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

DEFENCE PRODUCTION

بھارت نے 'میک ان انڈیا' پہل کے آغاز کے بعد سے 2023-24 میں اندرون ملک دفاعی پیداوار میں اب تک کی سب سے زیادہ ترقی کی ہے اور یہ ریکارڈ ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ 2014-15 میں 46 ہزار 429 کروڑ روپے سے دفاعی پیداوار کی قدر میں 174 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Adarsh

*اب 65 فیصد دفاعی سازوسامان اندرون ملک تیار ہوتا ہے، جبکہ اس سے پہلے 65 سے 70 فیصد*

درآمدات پر انحصار تھا۔ دفاعی برآمدات میں بھی 2013-14 میں 686 کروڑ روپے کے مقابلے 2023-24 میں 21 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، جو ایک دہائی میں 30 گنا اضافہ ہے۔ یہ ترقی میک ان انڈیا پہل کے سبب ممکن ہوپائی ہے، جس سے جدید فوجی پلیٹ فارم کی تیاری کو یقینی بنایا جاسکا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ کبھی غیر ملکی سپلائرس پر منحصر رہنے والا ہمارا ملک، اب اندرون ملک تیار کردہ سازو سامان کے سلسلے میں ایک اُبھرتی ہوئی قوت بن گیا ہے، جس سے گھریلو صلاحیتوں کے ذریعہ وہ اپنی فوجی طاقت کو مضبوط کررہا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ حکومت نے دفاعی سازو سامان کی تیاری کے شعبے میں کاروبار کرنے میں آسانی کی خاطر مختلف اقدامات کئے ہیں۔ اب بھارت کا ہدف 2029 تک دفاعی پیداوار میں تین لاکھ کروڑ روپے کا ہے، جس سے عالمی سطح پر دفاعی سامان کی تیاری کے مرکز کے طور پر اس کی پوزیشن مضبوط ہوگی۔

دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## JPC MEETING

ایک ملک ایک انتخابات کے تعلق سے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی ایک میٹنگ آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ انیکسی میں منعقد ہوگی۔ یہ کمیٹی دلّی ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس جسٹس ڈی این پٹیل سے بات چیت کرے گی، جو فی الحال ٹیلی کام تنازعے کے تصفیہ اور اپیلوں سے متعلق ٹرائیبونل کے چیئرپرسن کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اِس کے بعد یہ کمیٹی بھارت کے اٹارنی جنرل آر Venkataramani سے ملاقات کرے گی۔ کمیٹی کا اگلا اجلاس اگلے مہینے کی دو تاریخ کو ہوگا جس میں 2 اور ممتاز شخصیات کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔ x

## GOVT MP SALARY

مرکز نے پارلیمنٹ کے موجودہ اراکین اور سابق ارکان کی تنخواہ، یومیہ بھتہ اور پنشن میں اضافے کو نوٹیفائی کیا ہے۔ ارکان پارلیمنٹ کی ماہانہ تنخواہ کو ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ 24 ہزار کردیا گیا ہے۔ یومیہ بھتہ دو ہزار روپے سے بڑھاکر ڈھائی ہزار روپے کردیا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے ارکان اور سابق ارکان کی ماہانہ پنشن میں بھی 25 ہزار روپے سے اضافہ کرکے اسے 31 ہزار روپے کردیا گیا ہے۔ اس کا اطلاق یکم اپریل 2023 سے ہوگا۔x

## LS-GVOT FORESTS

حکومت نے کہا ہے کہ ملک کا کُل جنگلاتی اور وہ حصہ، جس پر درخت ہیں، وہ 8 لاکھ 27 ہزار مربع کلو میٹر سے زیادہ

ہے اور یہ ملک کے جغرافیائی علاقے کا 25 فیصد سے زیادہ ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے محکمے کے وزیر بھوپیندر یادو نے لوک سبھا میں ایک جواب میں کہا کہ موجودہ جائزے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ 2021 کے پچھلے جائزے کے مقابلے اس میں ایک ہزار 445 مربع کلو میٹر کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ملک میں جنگلات کے تحفظ اور بندوست کیلئے تکنیکی اور مالی مدد فراہم کرتی ہے۔×

**DELHI ASSEMBLY**

BJP کی قیادت والی دلّی حکومت آج اسمبلی میں مالی سال 2025-26 کیلئے بجٹ پیش کرے گی۔ بجٹ پر کل ایوان میں بحث ہوگی، بحث کے بعد اگلے روز اسمبلی میں بجٹ کو منظور کیا جائے گا۔ ایوان میں دلّی ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے کام کاج سے متعلق CAG کی رپورٹ پیش کئے جانے کے ساتھ کُل پانچ روزہ دلّی اسمبلی کے اجلاس کا آغاز ہوا تھا۔ CAG رپورٹ پر بحث آج بھی جاری رہے گی۔

دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے CAG رپورٹ پیش کی اور اعلان کیا کہ دلّی حکومت قومی راجدھانی میں عام آدمی پارٹی کی سابقہ حکومت کی مدت کار پر قرطاس ابیض لائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اقتصادی سروے جلد پیش کیا جائے گا، کیونکہ ابھی مختلف محکموں کے آڈٹ جاری ہیں۔ دلّی اسمبلی کا بجٹ اجلاس اس ماہ کی 28 تاریخ تک جاری رہے گا۔×

**JITENDRA TB DAY**

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلی میں Mycobacterium Tuberculosis کے دس ہزار Genome Sequencing کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔کل نئی دلّی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے یہ اعلان کیا۔ ملک گیر سطح کے اس اقدام کا مقصد Genomics اور مصنوعی ذہانت کا استعمال کرکے TB کی بیماری میں ادویہ کے اثرات کا جائزہ لینا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایاکہ حکومت کا مقصد 2030 تک ٹی بی سے نمٹنا اور 90 فیصد تک اس کے پھیلاؤ کو کم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہاکہ حکومت کا مقصد 2025 تک بھارت کو ٹی بی یعنی تپ دِق سے پاک بنانا ہے۔

**NADDA TB**

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے اعلان کیا ہے کہ ٹی بی سے تیزی سے خاتمے کی مہم کو اب ملک بھر کے سبھی اضلاع میں توسیع دی جائے گی۔ اِس سے پہلے یہ مہم اعلیٰ ترجیح کے 455 منتخب اضلاع میں نافذ کی گئی تھی۔کل نئی دلّی میں ورلڈ ٹی بی ڈے 2025 کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہاکہ تقریباً 13 کروڑ افراد کی ٹی بی کی جانچ کی گئی ہے اور ٹی بی مُکت بھارت ابھیان کے 100 دن کے دوران سات لاکھ سے زیادہ نئے کیسز کا پتہ لگایا گیا ہے۔

وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت میں ٹی بی کے علاج کا کوریج 59 فیصد سے بڑھ کر 85 فیصد ہوگیاہے۔ جناب نڈا نے کہاکہ حکومت اِس سال کے آخر تک ملک سے ٹی بی کو جڑ سے ختم کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھے گی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ TB کی جانچ کے لئے Moliculer Diagnostic مشینوں کی تعداد میں زبردست اضافہ کرکے آٹھ ہزار 540 تک کردیا گیا ہے، 2015 میں ان مشینوں کی تعداد صرف 121 تھی۔

وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ عالمی پیمانے پر TB کی بیماری میں کمی کی شرح اوسطاً 8 اعشاریہ تین فیصد تھی۔ جبکہ بھارت میں یہ شرح 17 اعشاریہ سات فیصد رہی۔ انھوں نے کہا کہ آج پوری دنیا TB کو ختم کرنے کیلئے بھارت کے ماڈل کو اپنا رہی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پردھان منتری ٹی بی مُکت بھارت ابھیان کے تحت ایک کروڑ 51 لاکھ سے زیادہ ٹی بی کے مریضوں کا علاج ہورہاہے۔ x

## JHARKHAND-CASTE CENSUS

جھارکھنڈ حکومت نے آئندہ مالی برس میں ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کا اعلان کیا ہے۔ ریاستی اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں کانگریس کے رکن اسمبلی پردیپ یادو کے اٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کابینی وزیر دیپک Birua نے کہا کہ حکومت آئندہ مالی برس میں ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کیلئے پرعزم ہے۔ ریاستی حکومت نے فروری 2024 میں کابینہ میٹنگ کے دوران ذات پر مبنی مردم شماری کی تجویز کو پہلے ہی منظوری دے دی تھی۔x

## BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## GONG

## EGYPT NEW GAZA CEASFIRE DEAL

غزہ میں جاری جنگ کے سبب کشیدگی کو دور کرنے کی ایک کوشش کے تحت مصر نے ایک نئی تجویز پیش کی ہے، جس کا مقصد اسرائیل اور حماس کے درمیان ایک مرتبہ پھر جنگ بندی بحال کرنا ہے۔ مصر کی تجویز کے مطابق ایک مرحلہ وار طریقے سے یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی اور امکانی انخلاء متعارف کیا جائے گا اور اس میں حماس سے کہا گیا ہے کہ وہ ہر ہفتے یرغمال بنائے گئے پانچ اسرائیلی افراد کو رہا کرے۔ مجوزہ طریقہ کار کے تحت اسرائیل یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کے پہلے ہفتے کے بعد جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کو نافذ کرے گا۔ سکیورٹی ذرائع نے خبر دی ہے کہ امریکہ اور حماس نے اس تجویز پر رضامندی کا اظہار کیا ہے، جبکہ اسرائیل کو ابھی اس پر ردِعمل دینا ہے۔ گزشتہ منگل کو حماس کے خلاف اسرائیل کی جانب سے فضائی اور زمینی کارروائیاں ایک مرتبہ پھر شروع کئے جانے کے بعد زبردست لڑائی کے پیش نظر یہ تجویز سامنے آئی ہے۔x

**AVROV INDIA RUSSIA**

روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov نے کہاہے کہ روس بھارت کے ساتھ اہمیت کی حامل شراکت داری کو فروغ دے رہا ہے۔ سرکاری میڈیا نے جناب Lavrov کا حوالہ دیتے ہوئے کہاہے کہ روس، چین، بھارت، ایران، شمالی کوریا اور دولت مشترکہ کے آزاد ممالک جیسے ملکوں کے ساتھ فعال طور پر تعلقات کو وسعت دے رہاہے۔

Alexander Gorchakov پبلک ڈپلومیسی فنڈ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے ایک میٹنگ میں جناب Lavrov نے کہاکہ روس عالمی ریاستوں کی اکثریت کے ساتھ جامع شراکت داری اور اسٹریٹیجک تعاون کو فروغ دینے کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہاکہ چین کے ساتھ تعلقات باہمی اعتماد کی بے مثال سطح پر ہیں اور بھارت کے ساتھ ایک خاص اور ترجیحی اسٹریٹیجک شراکت داری قائم ہورہی ہے۔ x

**PM MAN KI BAAT**

وزیراعظم نریندر مودی نے اِس مہینے کی 30 تاریخ کو آکاشوانی پر نشر ہونے والے من کی بات پروگرام کیلئے شہریوں سے تجاویز طلب کی ہیں۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 120 واں نشریہ ہوگا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اِس من کی بات پروگرام کیلئے بڑے پیمانے پر تجاویز حاصل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ اِن تجاویز سے سماجی بھلائی کیلئے مشترکہ کوششوں کی طاقت اجاگر ہوتی ہے۔

لوگ ٹول فری نمبر : ایک آٹھ، صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ، صفر صفر، کے ذریعے پروگرام کیلئے اپنی رائے اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فورم کے ذریعے آن لائن بھی اپنی تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے اِس مہینے کی 28 تاریخ تک تجاویز قبول کی جائیں گی۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیاجائے گا۔ یہ پروگرام AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔ x

**FINANCE SECERTARY**

کرناٹک کیڈر کے 1987 بیچ کے ایک IAS افسر اجے سیٹھ کو خزانے کا نیا سکریٹری نامزد کیا گیا ہے۔ جناب سیٹھ فی الحال خزانے کی وزارت میں اقتصادی امور کے محکمے کے سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ عملے کی وزارت کی طرف سے جاری ایک سرکاری حکم میں کہا گیا ہے کہ کابینہ کی تقرریوں سے متعلق کمیٹی نے خزانے کے سکریٹری کے طور پر جناب سیٹھ کے نام کو منظوری دی ہے۔

IIT رڑکی سے مکینیکل انجینئرنگ میں بی ٹیک گریجویٹ اور Ateneo De منیلا یونیورسٹی سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کرنے والے جناب سیٹھ نے اپریل 2021 میں اقتصادی امور کے محکمے کے سکریٹری کا عہدہ سنبھالا تھا۔ x

**NEW ZEALAND EARTHQUAKE**

آج نیوزیلینڈ میں Riverton کے ساحل پر 6 اعشاریہ آٹھ شدت کا زبردست زلزلہ آیا۔ 10 کلو میٹر کی گہرائی والے اس زلزلے کی شدت ابتدا میں 7 ماپی گئی تھی۔ نیوزیلینڈ کی قومی ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی زلزلے سے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے۔ اس وقت ایجنسی نے ساؤتھ لینڈ اور Fiordland کے باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سمندر کے ساحل سے دور رہیں، کیونکہ غیر معمولی اونچی لہروں سے خطرہ ہوسکتا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، لداخ اور کیرالہ میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق کل اتراکھنڈ میں بھی ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آئندہ دنوں میں گجرات کے ساحلی حصوں تمل ناڈو، پڈوچیری، ساحلی آندھرا پردیش اور رائل سیما میں کہیں کہیں گرم اور ہبس والا موسم رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ تین سے چار دنوں کے دوران ملک کے وسطی حصے میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے چار ڈگری سیلسیس اور ملک کے مغربی اور شمال مشرقی حصے میں 4 سے 6 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوگا۔ x

**FOOTBALL IND-VS-BANGLADESH**

فٹبال میں آج شام شیلانگ میگھالیہ میں جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں AFC ایشین کپ 2027 کے تیسرے راؤنڈ کے اہم میچ میں بھارت کی قومی ٹیم کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ Blue Tigers نے پچھلے بدھ کو ایک انٹرنیشنل دوستانہ میچ میں مالدیپ پر تین-صفر سے شاندار جیت حاصل کی تھی، جو ہیڈ کوچ Manolo Marquez کی سربراہی میں بھارت کی یہ پہلی کامیابی تھی۔ x

**IPL-CRICKET**

انڈین پریمیر لیگ IPL کرکٹ میں دلّی کیپیٹلز نے کل رات وشاکھا پٹنم میں وائی ایس راج شیکھر ریڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک دلچسپ میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کو ایک وکٹ سے ہرادیا۔ LSG کی طرف سے جیت کیلئے 210 رن کے نشانے کے حصول کیلئے کھیلتے ہوئے دلّی کیپیٹلز نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں 9 وکٹ کے نقصان پر 211 رن بناکر یہ

نشانہ حاصل کرلیا۔ آج شام احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہ میں اضافے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ راشٹریہ سہارا کی اس سلسلے میں سرخی ہے، اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہ میں 24 فیصد کا اضافہ، نوٹیفکیشن جاری۔ اخبار ملاپ لکھتا ہے کہ دلّی میں BJP کا آج پیش ہوگا بجٹ، اخبار پرتاپ نے بھی اس خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے کہ کرناٹک کے 'ہنی ٹریپ' معاملے میں مفاد عامہ کی عرضی پر سماعت کیلئے سپریم کورٹ تیار۔ اخبارات نے آسام رائفلز کے یوم تاسیس پر وزیر داخلہ امت شاہ کے بیان کو اہمیت دیتے ہوئے سرخی لگائی ہے کہ آسام رائفلز نے شمال مشرق کے چیلنجوں کا کامیابی سے سامنا کیا۔

شیئر بازار میں زبردست تیزی، سنسیکس نے ایک ہزار پوائنٹس کی لگائی چھلانگ، یہ خبر بھی سبھی اخبارات میں ہے۔ اخباروں کی ایک نمایاں سرخی یہ بھی ہے: جسٹس یشونت ورما کے خلاف مقدمہ درج کرنے کیلئے سپریم کورٹ میں PIL داخل۔

اخبار کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ غزہ کے ناصر اسپتال پر اسرائیلی حملہ، حماس رہنما سمیت 16 افراد ہلاک۔

☆ مصر نے غزہ کے حوالے سے نئی تجویز پیش کی۔

☆ ریاض میں روس اور امریکہ کے درمیان بند کمرے میں بات چیت۔

☆ امریکہ کے کیرولائنا میں آگ ہوئی بے قابو، بڑے پیمانے پر انخلاء شروع، ایمرجنسی کا اعلان۔

---------------------------------------------------

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارت نے 2023-24 کی ملک کی دفاعی پیداوار میں ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے کی اب تک کی سب سے زیادہ ترقی حاصل کی ہے۔

-2 مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلی میں Mycobacterium Tuberculosis کے دس ہزار

Genome Sequencing کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔

3- بی جے پی حکومت آج 2025-26 کا دلّی بجٹ پیش کرے گی۔

4- مصر نے موجودہ غزہ تنازعے میں کشیدگی کو کم کرنے کیلئے نئی تجاویز کی پیشکش کی ہے۔

5- بھارت آج شام شیلانگ میں AFC ایشین کپ فٹبال 2027 کوالیفائرس میں بنگلہ دیش کا سامنا کرے گا۔

6- اور آئی پی ایل کرکٹ میں، دلّی کیپیٹلز نے وشاکھا پٹنم میں کھیلے گئے سنسنی خیز میچ میں لکھنؤ سپرجائنٹس کو ایک وکٹ سے ہرادیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------